# شمس آباد وشاہ پور مسلم جماعت اٹک (رجسٹرڈ) کراچی

قائم شدہ 1936ء

رجسٹریشن نمبر DSW-365

## سالانہ کارکردگی رپورٹ 2022ء تا 2024ء


مرکزی آفس : شمس آباد شاہ پور ہاؤس، یو بی ایل اسٹریٹ گلستان کالونی، لیاری ٹاؤن، کراچی۔

فون نمبر : 92-021-32510335

رابطہ آفس : پلاٹ نمبر 401،402 سیکٹر ، نزد جامع مسجد عثمان غنیؓ، بلدیہ ٹاؤن، کراچی




شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان
اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

رجسٹرڈ نمبر

۳٦۵

شمس آباد شاہ پور مسلم جماعت اٹک

# شمس آباد و شاہ پور مسلم جماعت

## عہدیداران

| | | | |
|---|---|---|---|
| 01 | سرپرست اعلیٰ | محمد اقبال خاکسار صاحب | 0314-2585624 |
| 02 | صدر | ملک شاکر محمود صاحب | 0302-2807717 |
| 03 | سینئر نائب صدر | غلام رسول صاحب | 0347-3451655 |
| 04 | نائب صدر | صداقت حسین صاحب | 0312-2356985 |
| 05 | نائب صدر | عبدالرشید صاحب | 0312-2379439 |
| 06 | جنرل سیکرٹری | محمد نعیم خان صاحب | 0316-1483370 |
| 07 | ایڈیشنل جنرل سیکرٹری | محمد ارشد صاحب | 0323-3355653 |
| 08 | جوائنٹ سیکرٹری | ناصر محمود صاحب | 0312-2740843 |
| 09 | رابطہ سیکرٹری | اشتیاق احمد اعوان صاحب | 0314-2305224 |
| 10 | رابطہ سیکرٹری | خرم شہزاد صاحب | 0313-8530348 |
| 11 | آفس سیکرٹری | محمد سلیم صاحب | 0322-3153351 |
| 12 | آفس سیکرٹری | ماسٹر سلیم صاحب | 0333-2199785 |
| 13 | خازن | نعمان سیفی | 0335-1335630 |

No. 11—365/Shamsabad/Dir/(VA)/1963 4140

**GOVERNMENT OF SINDH**
**DIRECTORATE GENERAL SOCIAL WELFARE**
SINDH SECRETARIATE BLOCK, 79

Karachi, Dated 04/01/ , 2024

# RENEWAL CERTIFICATE

Consequent upon compliance of conditions as mentioned in Article 7(1) of the Voluntary Social Welfare Agencies (Registration and Control) Ordinance, 1961 and on payment of Annual Renewal Fees under Rule 4(2)(i) of the Voluntary Social Welfare Agencies (Registration and Control) Rules, 1962 and after scrutiny of the related documents submitted before the undersigned, the Registration in respect of " Shamsabad & Shahpur Muslim Jamat bearing Registration No. DSW(S) 365 dated 20/12/1963 is hereby renewed for the period from 31/12/2014 to 30/12/2024

**DIRECTOR-(VA)**
**For Director General / Registration Authority**
**SOCIAL WELFARE DEPARTMENT**

C.C to:-

1. The Director ,Karachi Division, Social Welfare Department Govt.of Sindh,.

The PA to Director General, Social Welfare Department, Govt. of Sindh, Karachi

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ترجمہ اللہ کی رسی (دین اسلام) کو مضبوطی سے تھامے رہو اور آپس میں متفرق نہ ہوا (القرآن)

# شمس آباد و شاہ پور مسلم جماعت اٹک (رجسٹرڈ) کراچی

# سالانہ کارکردگی رپورٹ

## سال 2022ء تا سال 2024ء

آج کے اجلاس میں آپ تمام معزز ممبران کو میری اور کابینہ کے تمام عہداران کی جانب سے خوش آمدید آپ ممبران بخوبی جانتے ہیں کہ موجودہ صدر اور انکی کابینہ نے سال 2022 تا سال 2024 تک کے اپنے دورانیہ میں اپنے منشور پر عمل کرتے ہوئے کئی اہم ترقیاتی کام سرانجام دیئے۔ جس کی کارکردگی رپورٹ آج کے جنرل باڈی اجلاس میں آپ معزز ممبران کے سامنے پیش کی جارہی ہے۔ ہمارا پینل 13 فروری 2022 کے الیکشن کے دوران آپ معزز ممبران کے بھرپور تعاون سے بھاری اکثریت سے جیت کر منتخب ہوا اور جماعت کی بھاگ دوڑ سمبھالتے ہی معزز ممبران کی فلاح و بہبود کے لئے کام شروع کردیا۔ اپنے منشور پر عمل کرتے ہوئے ریکارڈ کام کئے گئے اسکے علاوہ معزز ممبران کے تعاون سے جماعت اور ملک و قوم کی فلاح کے لئے کام سرانجام دیئے۔ ممبران کی خدمت اور جماعت کو مزید بام عروج تک پہنچانے کے جذبہ سے اس عرصہ کے دوران جو بھی کام ہم نے کیے اس کی تفصیل پیش خدمت ہے۔

# مرکزی آفس

معزز ممبران گرامی مرکزی آفس ہم تمام ممبران کے لئے عزت وو قار کی علامت ہے ہماری ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ جماعت کا دفتر شایانِ شان ہو اس سلسلے میں سابق ادوار میں بھی کام ہوا اور موجودہ دور میں بھی کام سر انجام دیئے گئے۔ الحمداللہ مرکزی آفس میں بجلی کی پریشانی سے بچنے کے لئے ہم نے آفس میں یو پی ایس لگوایا جس سے لائٹ کا مسئلہ حل ہوا۔ نیا کمپیوٹر لایا گیا اور پی وی سی کارڈ بنانے کے لئے تمام متعلقہ سامان مثلاً پرنٹر، کارڈ شیٹس وغیرہ لائے گئے جسکی وجہ سے جماعت کے ممبران کو پی وی سی کارڈ کا اجراء ممکن ہوا۔ پی وی سی کارڈ کے اجراء میں جماعت کے ایڈیشنل جنرل سیکرٹری محمد ارشد بھائی کی خصوصی توجہ اور محنت شامل ہے جماعت کے ریکارڈ منٹین رکھنے کے لئے پی وی سی بوکس فائلز لائی گئیں جس کی بدولت جماعت کے ریکارڈ کی حفاظت بھی ہوئی اور آفس کی خوبصورتی میں اضافہ ہوا۔ اس کے علاوہ 2 مزید ریوالونگ چیئرز کا اضافہ کیا گیا۔

# نئی ممبر سازی

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ سابقہ ادوار میں بھی نئی ممبر سازی پر زور دیا گیا چنانچہ موجودہ کابینہ نے بھی اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے 2 سالہ دور میں 250 سے زائد ممبر بنائے گئے۔

# ھال کی تزین و آرائش

جماعت کا ہال جو کہ جماعت کی آمدنی کا خاص ذریعہ ہے سابقہ ادوار میں بھی ہال کی تزین و آرائش کا کام ہوتا رہا۔ ہمارے دورانیہ میں بھی جماعت کے رنگ وروغن اور سیوریج کی لائنیں تبدیل کی گئیں۔ ہال کے برابر والی گلی سے خواتین کے لئے الگ راستہ کو فعال کیا گیا۔ گراؤنڈ فلور کے چاروں واش روم بھی فعال کیے گئے۔ اسٹیج پر فینسی لائٹنگ میں اضافہ کیا گیا اس عمل سے ممبران اور غیر ممبران کی بڑی تعداد ہال کی طرف متوجہ ہوئی جس سے ان کو نہ صرف شایان شان ہال میسر آیا بلکہ جماعت کی آمدنی میں اضافہ ہوا۔

## ڈیکوریشن

معزز ممبران گرامی ہال کی تزئین وآرائش کے ساتھ ساتھ اس کابینہ نے ڈیکوریشن کے معاملے میں بھی وقتاً فوقتاً اضافہ کیا۔ قناعتیں ، چٹائیاں ، ٹیبل،100 کرسیاں ، کرسی کوور ، چاندنی ، ٹب ، ٹنکی اور برتن خریدے گئے ٹیبل اور کرسیوں کی مرمت کرائی گئی جس سے مزید مہمانوں کی گنجائش ہوئی اور اس میں مزید بہتری کی ضرورت ہے جو کہ وقت کے ساتھ ساتھ پوری ہو رہی ہے۔

## ڈسپینسری

ڈسپینسری کو ممبران کی سہولت کے لئے جماعتی سطح پر فعال کیا گیا جس میں او پی ڈی کے علاوہ لیبارٹری بلڈ بینک اور الٹراساؤنڈ کی سہولت دستیاب ہے۔اس کے ساتھ ساتھ وقتاً فوقتاً آئی کیمپ، فزیو تھراپی کیمپ، حجامہ کیمپ اس کے علاوہ مختلف کیمپس لگائے گئے۔جماعت کے مرکزی آفس میں ہر ماہ باقاعدگی سے پولیو کیمپ لگایا جاتا ہے اس میں پولیو کا عملہ جو کہ گورنمنٹ کی طرف سے معمور ہے اپنی خدمات دیتا ہے اور جماعت کی طرف سے عملہ سے بھرپور تعاون کیا جاتا ہے۔

## ایجوکیشن

ایجوکیشن کے حوالے سے بھی جماعتی سطح پر کام کیا گیا النور اسکول، کوچنگ سینٹر ، کمپیوٹر سینٹر کا قیام بھی عمل میں لایا گیا۔

## نماز تراویح کا اہتمام

معزز ممبران گرامی جیسا کہ آپ کے علم میں ہے ہر سال ماہ رمضان المبارک میں جماعت کے مرکزی آفس میں پندرہ روزہ نماز تراویح کا اہتمام عرصہ دراز سے جاری ہے۔ گزشتہ سالوں میں بھی ماہ رمضان المبارک میں پندرہ روزہ تراویح کا اہتمام کیا گیا ہماری جماعت کے ممبر حافظ محمد

نعمان جماعت کے فرائض سرانجام دیتے ہیں جس میں ممبران واہل علاقہ کی کثیر تعداد شامل ہوتی ہے ہمیں امید ہے کہ آئندہ بھی یہ عظیم سلسلہ جاری وساری رہے گا۔

## زکوٰۃ وفطرہ کی تقسیم

اللہ پاک کے فضل وکرم سے 2022 تا 2024 تک ریکارڈز کوٰۃ وفطرہ کی مد میں رقم جمع ہوئی جو رمضان کے آخری عشرہ میں ہی تقسیم کردی جاتی ہے۔ جس میں کابینہ، مجلس عاملہ اور زکوٰۃ کمیٹی کا بھرپور کردار رہا ہم ان تمام ممبران کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں جو کہ زکوٰۃ وفطرہ میں جماعت کے ساتھ تعاون کرتے ہیں جس سے جماعت بیواؤں اور مستحقین کی مالی معاونت کرتی ہے۔

## راشن کی تقسیم

ماہ رمضان 2022 میں جماعت کے معزز ممبر غلام حبیب اعوان کی فیملی کی جانب سے 50 عدد راشن بیگ عطیہ کئے گئے۔ اسکے علاوہ ملک محمد جمیل، علی اصغر اعوان، محمد شفیق اعوان، عمران خان ودوست واحباب کی جانب سے بھی 50 عدد راشن بیگ عطیہ کیئے گئے جو مستحق بیواؤں میں تقسیم کیے گئے اس کے علاوہ جماعت کے صدر ملک شاکر محمود اعوان کے دوست جناب ملک خورشید صاحب نے اسپیشل کوالٹی کے 3000 ہزار آلو کے بیگ عطیہ کیے جو کہ ممبران جماعت اور اہل علاقہ میں تقسیم کئے گئے۔

## چرم قربانی

معزز ممبران گرامی چرم قربانی جمع کرنے کا سلسلہ شروع وقت سے ہی چل رہا ہے بکرا عید کے پہلے دوسرے اور تیسرے دن گھر گھر جا کر چرم جمع کرنا اور پھر ان کو حفاظت کے ساتھ منتقل کرنا۔ گزشتہ کچھ سالوں سے چرم قربانی کی قیمت بہت حد تک گر چکی ہے۔ مگر پھر بھی عہدیدار رضاکارانہ طور پر تینوں دن خدمت کے جذبے سے کام کرتے ہیں لہٰذا اسی وجہ سے اب کھالوں کی تعداد پچھلے سالوں سے زیادہ ہو گئی ہے ہم تمام ممبران اور تمام مجلس عاملہ کے تمام ارکان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جنہوں نے نقد رقم چرم قربانی کی مد میں عطیہ دیا۔

# امداد برائے سیلاب زدگان

معزز ممبران گرامی جیسا کہ آپ کے علم میں ہوگا 2022 کی شدید بارشوں کے باعث اندرون سندھ اور بلوچستان میں سیلاب کی تباہی سے وہاں کے لوگ بے سروسامان ہوگئے۔ ایسے نازک وقت میں دیگر فلاحی تنظیموں کی طرح ہماری جماعت نے بھی امدادی کیمپ لگایا جس میں ہمارے ممبران نے بھرپور ساتھ دیا۔ ان تمام ساتھیوں کے نام لینا تو ممکن نہیں چند ساتھیوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

جن ممبران نے اجناس ملبوسات و میڈیسن دیں۔ جناب ملک محمد جمیل، علی اصغر اعوان و دوست احباب، محمد جاوید (ڈالمیا)، محمد شفیق ولد غلام ربانی، غلام فرید صاحب، ڈاکٹر وسیم اور عمران خان (سابقہ صدر) اور اس کے علاوہ بھی کافی ممبران نے اجناس و ملبوسات کی صورت میں امداد کی۔ اسکے علاوہ نقد رقم کی صورت میں عبید اللہ اعوان، شوکت محمود، محمد جمیل اعوان، حاجی فضل، حاجی عبدالمجید، کالے خان، محمد فرید، ملک محمد داؤد، زبیر صاحب، محمد اشرف، محمد وسیم، ناصر جامی، محمد علی صاحب، محمد صفدر اعوان، محمد ندیم اعوان (سعودیہ)، حاجی صلاح الدین، حاجی صالحین، محمد رحیم اور محمد شاکر ڈیفنس والے کے علاوہ بھی کافی ممبران نے نقد رقم دی جو کہ جماعت نے میڈیسن و اجناس خرید کے بھجوائے۔

یہ تمام سامان لیاری ٹاؤن کے رینجرز کے ونگ کمانڈر کے حوالہ کیا گیا جو کہ رینجرز کے 4 ٹرکوں میں بھر کے جماعت کے مرکزی آفس سے رینجرز کے ذریعے سیلاب زدگان تک پہنچایا گیا۔ اللہ پاک تمام ممبران کی اس نیکی کو اپنے بارگاہ میں قبول فرمائے (آمین)۔

# پرچم کشائی و تقریب جشن آزادی

14 گست کا دن اپنے ملک سے اظہارِ یکجہتی کا دن ہے۔ لہٰذا اس دن کی مناسبت سے مرکزی آفس میں پرچم کشائی کے ساتھ ساتھ کافی عرصہ کے بعد ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا جس میں ممبران جماعت و ان کے بچوں اور اہل علاقہ کے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ اس تقریب میں ممبران جماعت کے بچوں کے درمیان پرائمری و سکینڈری سطح پہ ملی نغمے، تقریری مقابلہ اور

سکینڈری کے بچوں میں کوئز مقابلہ کا انعقاد کیا جس میں پہلی دوسری اور تیسری پوزیشن والے طلبہ کو شیلڈز کے ساتھ ساتھ انعامات دیئے گئے اس تقریب میں شریک ممبران اور چھوٹے بچوں کو بھی تحائف دیئے گئے۔اس پروگرام کے مہمان خصوصی بلال وحید اعوان صاحب (ڈیفنس والے) تھے جنہوں نے تقریب کے حوالے سے خصوصی ڈونیشن بھی دیا اس تقریب میں شریک ممبران اور چھوٹے بچوں کو بھی تحائف دیئے گئے۔اس پروگرام کا انعقاد کرنے میں بھر کاوشیں کی جن میں سرفہرست ملک شاکر محمود اعوان، محمد رحیم، محمد ارشد، نوید سعید اعوان، ارشد اشرف، کاشف اعوان، فرحان، عامر اور اشتیاق اعوان و دیگر ساتھی۔

## سروس ہینو بس

معزز ممبران جیسا کہ آپ جانتے ہیں وقت کے ساتھ ساتھ بسوں کی مرمت وغیرہ ضروری ہوتا ہے ہینو بس کی دونوں بیٹریاں اور ان کی وائرنگ ڈالی گئی۔ بس میں نئے ٹائرز بھی ڈالے گئے۔اس سلسلے میں خصوصی تعاون رہا ہمارے جماعت کے معزز ممبر ملک صابر سلیم سوسائٹی والے۔

## میت بس کی تزین و آرائش

معزز ممبران گرامی جماعت کی پرانی میت بس BED FORD جو کہ بلدیہ ٹاؤن میں ممبران کی سہولت کے لئے میسر ہے اس بس کی باڈی جو کہ کافی خراب ہو چکی تھی۔ ہماری کابینہ نے بس کی مکمل باڈی، فرش، ٹائرز، ریڈیٹر اور بیٹری کا کام کروایا۔اس کام میں سینئر رہنماء جناب محمد علی صاحب اور مجلس عاملہ کے ممبر جناب شوکت محمود اعوان صاحب کی جدوجہد اور محنت تھی جس کی بدولت یہ بس اب جدید طرز کی HINO BUS کا ماڈل دیکھائی دیتی ہے اور بلدیہ ٹاؤن کے ممبران اور لوگوں کے کئے بہترین سہولت کے طور پر رابطہ آفس میں موجود ہے۔ خصوصی تعاون رہا ہمارے جماعت کے معزز ممبر محمد فاروق اعوان (ڈیفنس والے) اور مختیار احمد اعوان (پلازہ والے) چیمپین انجینئرنگ برادران۔






شمس آباد جماعت کا مرکزی آفس




صدر شمس آباد شاہ پور مسلم جماعت

**ملک شاکر محمود**





شمس آباد جماعت کا شادی ہال



سابقہ صوبائی وزیر/سابقہ نائب ناظم کراچی

**طارق حسن صاحب**





میڈیکل کیمپ







امداد برائے سیلاب زدگان





تقریب برائے 14 اگست پروگرام





تقریب پرچم کشائی











قبرستان میں مختلف ترقیاتی کام کی تصاویریں







محمد جمیل ولد حاجی محمد صفدر (مرحوم) کی جانب سے جماعت کو عطیہ کردہ بس











جماعت کی میت بس تزئین و آرائش کے بعد

## عطیہ برائے بیڈ فورڈ بس

معزز ممبران گرامی ہمارے سینئر رہنماء محمد علی صاحب کی خصوصی کاوشوں سے جماعت کے ممبر جناب محمد صفدر (مرحوم) (اتحاد ٹاؤن) کے فرزندان محمد جمیل اور محمد زبیر نے اپنے والدین کے ایصال ثواب کے لئے جماعت کو ایک عدد بیڈ فورڈ بس عطیہ کی۔ اللہ کریم ان کی نیکی کو قبول کرتے ہوئے ان کے والدین کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے (آمین)

ممبر جناب محمد صفدر (مرحوم) (اتحاد ٹاؤن) کے فرزندان محمد جمیل اور محمد زبیر نے اپنے والدین کے ایصال ثواب کے لئے جماعت کو ایک عدد بیڈ فورڈ بس عطیہ کی۔ اللہ کریم ان کی نیکی کو قبول کرتے ہوئے ان کے والدین کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے (آمین)

## قبرستان صفائی مہم

معزز ممبران گرامی 2022 میں شدید بارشوں کی بدولت قبرستان میں گھاس پھوس اور جھاڑیوں کے باعث زائرین کو اپنے پیاروں کی قبروں تک جانے میں دقت پیش آرہی تھی جس پر کابینہ اور قبرستان کمیٹی نے صفائی مہم کا آغاز کیا۔ جس میں خصوصی کردار صداقت حسین اعوان ، عابد حسین اعوان ، طاہر محمود، اسد اعوان ، خذیمہ بھائی ، محمد مقصود بھائی نے ادا کیا۔ اس کے علاوہ کابینہ مجلس عاملہ ، بلدیہ ٹاؤن ، گلستان کالونی ، بہار کالونی، شاہ بیگ لین اور بکرا پیڑی کے ممبران نے بھر پور حصہ لیا۔ اللہ پاک سب کی اس سعی کو قبول فرمائے اور اجر عطاء فرمائے (آمین)۔

## قبرستان میں ترقیاتی کام

معزز ممبران گرامی جیسا کہ آپ کے علم ہے موسم برسات میں کافی قبریں منہدم ہو جاتی ہیں جس کی وجہ سے جماعت کا کثیر سرمایہ قبروں کی ریپئرنگ پر خرچ ہو جاتا تھا۔ کابینہ ، مجلس عاملہ اور قبرستان کمیٹی کی مشاورت سے قبر کا اوپر کا حصہ جس پر سلیب رکھی جاتی ہیں اس حصہ کو (آر۔ سی۔ سی) بنا دیا گیا الحمداللہ یہ تجربہ کامیاب رہا۔ قبرستان کی وائرنگ اور لائٹیں خراب ہو گئی تھیں تمام لائٹس اور وائرنگ تبدیل کر دی گئیں جس کی بدولت اب رات کو بھی قبرستان میں دن کا سماء ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ قبرستان کی چاردیواری نیچی رہ گئی تھی جس کی وجہ سے چوری چکاری کا خطرہ رہتا تھا اور کتے بھی دیواریں پھلانگ کر اندر آجاتے اور قبروں کی بے حرمتی کرتے تھے۔ 3 سے 4 فٹ دیواروں کو اونچا کر دیا گیا جس سے ان تمام مسائل سے چھٹکارہ مل گیا۔ اس کار

خیر میں ہمارے معزز ممبر محمد فاروق اعوان (ڈیفس)، محمد یعقوب ناظم آباد اور محمد ندیم اعوان (سعودیہ) کا خصوصی تعاون رہا قبرستان کے تمام کام کی نگرانی سرپرست اعلیٰ محمد اقبال خاکسار، صدر ملک شاکر محمود، سابقہ صدر محمد سلیم، سابقہ جنرل سیکریٹری محمد فرید اور محمد علی محمد اسلم، نعیم خان بھٹی صاحب نے کی، اللہ کریم ان کو جزاء خیر عطافرمائے (آمین)

## دستور میں ترامیم

سابقہ ادوار میں بھی مختلف کابینہ نے بڑی محنت اور جدو جہد سے آئین بنایا لیکن وقت کے ساتھ ساتھ آئین میں تبدیلی کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے ترامیم کی جاتی رہیں۔ موجودہ کابینہ نے بھی آئین کی کچھ شقوں میں ترمیم کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے۔کابینہ و مجلس عاملہ کے مشترکہ اجلاس میں آئینی کمیٹی بنانے کی اجازت دی آئینی کمیٹی نے ایک سال کے درمیان کئی میٹنگز کرکے آئین کی ہر شق پر بحث و مباحثہ کرکے بڑی کوشش اور جدوجہد کرنے ان مبہم شقوں میں تبدیلی کی تاکہ ممبران اور کابینہ میں ناچاقی اور بدامنی پیدانہ ہو اور ہر مسئلے کو کابینہ و مجلس عاملہ مل کر افہام و تفہیم سے حل کرلے تاکہ ممبران کو فائدہ ہو۔

## آڈٹ

موجودہ کابینہ نے مالی سال جولائی 2021 تا جون 2023 تک کی مدت کا اکاؤنٹ آڈٹ کروا دیا ہے جس کی رپورٹ کارکردگی کے ساتھ منسلک ہے جبکہ اگلے سال جولائی 2023 تا جون 2024 کی آمدن و اخراجات کا گوشوارہ بھی موجودہ ہے۔

## حرف آخر

معزز ممبران گرامی ہم امید کرتے ہیں کہ آپ حضرات نے اس رپورٹ کو بغور پڑھا اور سنا ہوگا۔ ہم نے حتیٰ المقدور کوشش کی کہ ممبران جماعت کی بھرپور خدمت کریں اور جماعت کے قیام کے مقاصد کو آگے بڑھائیں۔ہماری پوری کابینہ آپ ممبران کی انتہائی مشکور ہیں جنہوں نے جماعت کے ساتھ بھرپور تعاون کیا۔ خصوصاََ اپنے ممبران مجلس عاملہ، تمام کمیٹیوں کے ممبران اور چیئرمین صاحبان کے ہم انتہائی مشکور و ممنون ہیں جنہوں نے جماعتی پروگراموں کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے اپنی جان مال اور وقت کی قربانی دیتے ہوئے کابینہ کے شانہ بشانہ چلتے رہے جماعتی پروگراموں کو کامیاب بنانے میں ہمارے جس بھی بھائی نے کسی مد میں جس قدر تعاون کیا ہم سب ان کے لئے دعا گو ہیں اللہ پاک ان کی خدمات کو قبول فرماتے ہوئے انہیں جزائے خیر عطافرمائے (آمین)

**SHAMSABAD AND SHAH PUR MUSLIM JAMAT**
**Income and Expenditure Account**
**For the year ended June 30,2023**

| Income | 2,023<br>Rupees | 2,022<br>Rupees |
|---|---|---|
| Monthly contribution | 537,850 | 1,353,830 |
| Hall reservation | 506,200 | 453,300 |
| Dispensary Income | - | 88,000 |
| Decoration rent | 935,120 | 642,550 |
| Graveyard donation | 455,000 | 487,350 |
| Special Graveyard donation | 560,000 | 478,500 |
| Bus Income -Hinu | 809,700 | 474,000 |
| Bus Income -EC-0074 | 576,800 | 621,000 |
| Income from sales of Hides & skins | 248,930 | 105,680 |
| Community Centre donation | 108,000 | 376,100 |
| General Fund | - | 112,200 |
| Ambulance Funds | - | 35,000 |
| Scrape income | 75,000 | 81,000 |
| Flood Relief | 224,560 | - |
| PVC Cards Fee | 22,200 | - |
| Election fee | - | 4,800 |
| | 5,059,360 | 5,313,310 |
| **Less: Expenditure** | | |
| Salaries and wages | 1,451,130 | 1,299,100 |
| Decoration expenses | 103,240 | 89,920 |
| Hall expenses | 680,896 | 70,170 |
| Gravyard expenses | 738,285 | 797,830 |
| Gravyard expenses- Shajjar Kari Exp | - | 820,773 |
| Financial assistances to poor | - | 30,000 |
| Bus Repair & maintenance & running exp | | |
| Bus-Hino | 931,338 | 491,540 |
| EC-0074 | 614,800 | 258,590 |
| Annual Renewal fee to social Welfare Deptt | | 28,000 |
| Annual functions and religious gatherings | 37,525 | 10,000 |
| Utility bill | | |
| Telephone | 28,950 | 31,750 |
| Electrcity | 193,176 | 103,683 |
| Sui Gas | 105,894 | 195,508 |
| Cabinet Meeting & Office expenses | 142,965 | 86,500 |
| General Body expenses | | 88,800 |
| Rabitta Office expenses | 47,372 | 83,291 |
| Loan written off | - | 31,865 |
| Sales of Hide and skin expenses | 63,930 | 45,680 |
| Election expenses | - | 73,710 |
| Bank charges | 35 | 1,245 |
| Audit fee | 35,000 | 90,000 |
| Printing and stationery | 57,350 | 88,605 |
| Ambulance expenses | 21,220 | - |
| Repair & maintenance-office | 27,960 | 19,678 |
| Flood relief expenses | 234,215 | - |
| Conveyance expenses | 5,400 | 6,170 |
| | 5,520,681 | 4,842,408 |
| (Deficit)/Surplus of income over expenditure | (461,321) | 470,902 |

The annexed notes fprming part of these financial statements.

Treasurer

G. Secretary

President

**SHAMSABAD AND SHAH PUR MUSLIM JAMAT**
**Financial Position**
**As at June 30,2023**

| | Note | 2023 Rupees | 2022 Rupees |
|---|---|---|---|
| **Non- Current Assets** | | | |
| Buildings | | 447,271 | 447,271 |
| Community Plot- Baldia Town | | 2,336,239 | 2,336,239 |
| Bus | | 7,085,000 | 7,085,000 |
| Ambulance-Hiroof | | 402,170 | 402,170 |
| Furniture & Fixture | | 15,336 | 15,336 |
| Office Equipment | | 408,510 | 350,300 |
| | | 10,694,526 | 10,636,316 |
| **Current assets** | | | |
| Stores & Spares-Kitchen items | | 1,418,030 | 1,347,590 |
| Telephone deposit | | 400 | 400 |
| Plot Lease deposit-Baldia Town | | 70,000 | 70,000 |
| Loans & advances | | 153,600 | 153,600 |
| Cash at bank | | 62,732 | 612,767 |
| Cash in hand | | 102,957 | 107,893 |
| | | 1,807,719 | 2,292,250 |
| | | 12,502,245 | 12,928,566 |
| **Less: Current liabilities** | | | |
| Housing Society Funds | 3 | (5,160) | (5,160) |
| Zakat Payable | | | - |
| Audit fee | 4 | 70,000 | 35,000 |
| | | 64,840 | 29,840 |
| | | 12,437,405 | 12,898,726 |
| **Represented by:** | | | |
| **General Funds** | | | |
| Balance | | 12,898,726 | 12,077,824 |
| Donated Hiroof | | | 350,000 |
| (Deficit)/surplus for the year | | (461,321) | 470,902 |
| | | 12,437,405 | 12,898,726 |
| | | 12,437,405 | 12,898,726 |

The annexed notes fprming part of these financial statements.

**Treasurer** **G. Secretary** **President**

**SHAMSABAD AND SHAH PUR MUSLIM JAMAT**
**Income and Expenditure Account**
**For the year ended June 30,2022**

| | 2,022 Rupees |
|---|---|
| Income | |
| Monthly contribution | 1,353,830 |
| Hall reservation | 453,300 |
| Dispensary Income | 88,000 |
| Decoration rent | 642,550 |
| Graveyard donation | 487,350 |
| Special Graveyard donation | 478,500 |
| Bus Income -Hinu | 474,000 |
| Bus Income -EC-0074 | 621,000 |
| Income from sales of Hides & skins | 105,680 |
| Community Centre donation | 376,100 |
| General Fund | 112,200 |
| Ambulance Funds | 35,000 |
| Scrape income | 81,000 |
| Flood Relief | - |
| PVC Cards Fee | - |
| Election fee | 4,800 |
| | 5,313,310 |
| **Less: Expenditure** | |
| Salaries and wages | 1,299,100 |
| Decoration expenses | 89,920 |
| Hall expenses | 70,170 |
| Gravyard expenses | 797,830 |
| Gravyard expenses- Shajjar Kari Exp | 820,773 |
| Financial assistances to poor | 30,000 |
| Bus Repair & maintenance & running exp | |
| Bus-Hino | 491,540 |
| EC-0074 | 258,590 |
| Annual Renewal fee to social Welfare Deptt | 28,000 |
| Annual functions and religious gatherings | 10,000 |
| **Utility bill** | |
| Telephone | 31,750 |
| Electrcity | 103,683 |
| Sui Gas | 195,508 |
| Cabinet Meeting & Office expenses | 86,500 |
| General Body expenses | 88,800 |
| Rabitta Office expenses | 83,291 |
| Loan written off | 31,865 |
| Sales of Hide and skin expenses | 45,680 |
| Election expenses | 73,710 |
| Bank charges | 1,245 |
| Audit fee | 90,000 |
| Printing and stationery | 88,605 |
| Ambulance expenses | - |
| Repair & maintenance-office | 19,678 |
| Flood relief expenses | - |
| Conveyance expenses | 6,170 |
| | 4,842,408 |
| (Deficit)/Surplus of income over expenditure | 470,902 |

The annexed notes fprming part of these financial statements.

**Treasurer** | **President**

SHAMSABAD AND SHAH PUR MUSLIM JAMAT
Financial Position
As at June 30,2022

| | | 2022 Rupees |
|---|---|---|
| **Non- Current Assets** | | |
| Buildings | | 447,271 |
| Community Plot- Baldia Town | | 2,336,239 |
| Bus | | 7,085,000 |
| Ambulance-Hiroof | | 402,170 |
| Furniture & Fixture | | 15,336 |
| Office Equipment | | 350,300 |
| | | 10,636,316 |
| **Current assets** | | |
| Stores & Spares-Kitchen items | | 1,347,590 |
| Telephone deposit | | 400 |
| Plot Lease deposit-Baldia Town | | 70,000 |
| Loans & advances | | 153,600 |
| Cash at bank | | 612,767 |
| Cash in hand | | 107,893 |
| | | 2,292,250 |
| | | 12,928,566 |
| **Less: Current liabilities** | | |
| Housing Society Funds | 3 | (5,160) |
| Zakat Payable | | - |
| Audit fee | 4 | 35,000 |
| | | 29,840 |
| | | 12,898,726 |
| **Represented by:** | | |
| **General Funds** | | |
| Balance | | 12,077,824 |
| Donated Hiroof | | 350,000 |
| (Deficit)/surplus for the year | | 470,902 |
| | | 12,898,726 |
| | | 12,898,726 |

The annexed notes fprming part of these financial statements.

Treasurer G. Secretary President

NM& Co

NasirMahmood& Co.
CHARTERED ACCOUNTANTS

*706,7th Floor Marine Faisal*
*Main Shara-e-Faisal Nursary*
*Block-6, P.E.C.H.S., Karachi-*
*75400, Pakistan.*

*Tel (Dir) : 34390084*
*Mob. : 0333-2369977*
*Email.: nasirmahmood2200@gmail.com*

## Auditors Report to the Trustees

We have completed the annexed Financial Position of Shamsabad Shah Pur Muslim Jamat for the year ended June 30,2022 and the related Income & expenditure account with the notes forming part of these financial statements for the year then ended.
It is the responsibility of the management of the Trust to establish and maintain a system of internal control and prepare and present the financial statements in conformity with the accounting standards as applicable in Pakistan. Our Responsibility is to express an opinion on these financial statements based on audit
The Trust policy is to prepare accompanying statements on cash receipts and disbursement basis. On this basis revenue is recognized when received rather than when earned, while expenses are recognized when they are paid rather than they are incurred.
We conducted audit in accordance with the International Accounting Standard on auditing as applicable in Pakistan. These standards require that we plan and perform audit to obtain reasonable assurance about whether the financial statements are free from any material misstatement. An audit includes examining, on test basis, evidence supporting amounts and disclosures in the financial statements.. An audit also includes assessing accounting policies and significant estimates made by the management of the trust as well as evaluating the overall presentation of the financial statements. We believe the audit provides a reasonable basis for our opinion.

a) The trust does not record fixed assets received as donation. We could not determine the value of assets received as donation to determine the financial impact on the assets and related revenue.
b) The Trust does not charge depreciation on fixed assets. We could not determine the financial impact of these adjustments on financial position and of its effect on the financial/ operating results.
c) It is the practice of the Trust to receive cash from customers and pay expenses in cash. Cash collected are not banked instantly and expenses are made from collection. We could not ensure the completeness of cash transactions from other assurance procedures.
d) We did not observe the physical cash count on balance sheet date.

In our opinion except for the effects of the matters from 'a' to 'd' above, the Trust's financial statement gives a true and fair view of the revenues collected and expenses paid during the year ended June 30,2022 in accordance with the cash received and disbursement basis as state in note 2 to the financial statements.

The engagement partner on the audit resulting in this independent auditor's report is Nasir Mahmood.

**Nasir Mahmood& Co**
Chartered Accountants
Karachi,

# شمس آباد و شاہ پور مسلم جماعت

## گوشوارہ آمدن

## ماہ جولائی 2023 تا ماہ جون 2024

| آمدن | آمدن ہیڈ | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 915,475 | ماہانہ چندہ | 01 |
| 365,100 | قبرستان ڈونیشن و قبر پختہ | 02 |
| 160,000 | بلدیہ پلاٹ ڈونیشن | 03 |
| 762,500 | ہینو بس | 04 |
| 391,500 | بس EC0074 / بس JA1374 | 05 |
| 527,500 | ہال بکنگ | 06 |
| 10,96,250 | ڈیکوریشن | 07 |
| 33,100 | پی وی سی کارڈ فیس | 08 |
| 17,26,600 | جنرل فنڈ / خصوصی فنڈ | 09 |
| 285,900 | چرم قربانی 2023 | 10 |
| 155,500 | چرم قربانی 2024 | 11 |
| 13,03,040 | زکوۃ و فطرہ وصول | 12 |
| 5700 | متفرقہ آمدن | 13 |
| 77,28,165 | ٹوٹل آمدن برائے ماہ جولائی 2023 تا ماہ جون 2024 تک | |

# شمس آباد وشاہ پور مسلم جماعت

## گوشورہ اخراجات

## ماہ جولائی 2023 تا ماہ جون 2024

| نمبر شمار | اخراجات ہیڈ | اخراجات رقم |
|---|---|---|
| 01 | ہینو بس | 945,180 |
| 02 | بس EC0074/ بس JA074 | 10,21,905 |
| 03 | ہال | 107,207 |
| 04 | ڈیکوریشن خرچ | 136,280 |
| 05 | ڈیکوریشن سامان | 107,200 |
| 06 | قبرستان اخراجات | 824,305 |
| 07 | قبرستان چاردیواری اخراجات | 676,070 |
| 08 | اسٹاف تنخواہیں | 13,88,700 |
| 09 | رابطہ آفس | 53,940 |
| 10 | گیس، بجلی وٹیلیفون بلز | 434,909 |
| 11 | امدادی فنڈ | 70,000 |
| 12 | اسٹیشنری وپرنٹنگ | 33,155 |
| 13 | آفس مینٹیننس اخراجات | 52,954 |
| 14 | میڈیکل کیمپ/تراویح ختم القرآن/تقریبات | 53,730 |
| 15 | زکوٰۃ وفطرہ تقسیم | 13,03,040 |
| 16 | سالانہ رینیول فیس سوشل ویلفیئر | 25,000 |
| 17 | چرم قربانی اخراجات 2023 | 80,900 |
| 18 | چرم قربانی اخراجات 2024 | 65,500 |
| 19 | جشن آزادی پروگرام اخراجات | 120,500 |
| 20 | آڈٹ فیس | 30,000 |
| 21 | کابینہ میٹنگ اخراجات | 46,100 |
| 22 | ہیڈ آفس متفرقہ اخراجات | 116,535 |
| | ٹوٹل اخراجات ماہ جولائی 2023 تا ماہ جون 2024 | 76,93,110 |

# شمس آباد و شاہ پور مسلم جماعت اٹک (رجسٹرڈ) کراچی

## عطیہ برائے ایصال ثواب

# حاجی غلام ربانی واہلیہ (مرحوم)



## منجانب: محمد شفیق اعوان

# جماعت نی نظم

شہر کراچی وچ جماعتاں نے بتیریاں
یا روہور بھی جماعتاں نے بیتیریاں
پر ساڑی جماعت نابی ناں دے جی

شمس آبادشاہ پورنا بی ناں دے جی

راتاں کیتیاں بزرگاں ساڈے کالیاں
آپڑیں ہڈیاں بزرگاں ساڈے گالیاں
تا یوں ملی ای ٹھنڈی ٹھنڈی تھاں وے جی
تا یوں ملی اس مٹھی چھاں وے جی

شمس آبادشاہ پورنا بی ناں وے جی

فیدے دیسی جماعت اساں سارياواں
فیدے مل سن جماعتاں کولوں سارياواں
سارے راساں تے بڑائی گل تاں دے جی
سارے جڑساں تے ہو من کم تاں وے جی

شمس آبادشاہ پورنا بی ناں وے جی

دکھ چاہاں جماعتاں والے رل مل کے
ویلا دے ساں جماعت والے رل مل کے
کیونکہ تیری تے میری بھی اسی ماں دے جی

شمس آبادشاہ پورنا بی ناں وے جی

گلاں نال جماعتاں نیوں پرنیاں
خالی منہ نال جماعتاں نیوں ٹرنیاں
اوکھے ہوساں تے مزا فرتاں وے جی

شمس آبادشاہ پورنا بی ناں دے جی